# اَسماءِ حسنٰی

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اللہ تعالیٰ کے ننانوے نام ہیں یعنی ایک کم سو، جس نے ان کو یاد کرلیا وہ جنت میں داخل ہوگا۔ (بخاری)

**فائدہ**: اس میں ننانوے کا عدد حصر اور تحدید کے لیے نہیں ہے بلکہ مطلب یہ ہے کہ اس حدیث میں اللہ تعالیٰ کے ناموں کی جو فضیلت بیان کی گئی ہے (کہ جو ان کو یاد کرلے گا وہ جنت میں جائے گا) یہ فضیلت ان ننانوے ناموں کے ساتھ خاص ہے، ترمذی اور بیہقی کی روایت میں ان ناموں کی تفصیل ہے جو درج ذیل ہے۔

**نوٹ:** یہ اسماءِ حسنیٰ بچوں کو حفظ کرادیے جائیں۔

| | |
|---|---|
| هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ | **اللہ** نام ہے اس ذات واجب الوجود کا جو ہر قسم کے عیوب سے پاک اور تمام صفاتِ کمال (خوبیوں) کے ساتھ متصف ہے۔ |

| | |
|---|---|
| الرَّحْمٰنُ | بڑا مہربان |
| الرَّحِيْمُ | نہایت رحم والا |
| المَلِكُ | تمام جہاں کا حقیقی بادشاہ |
| القُدُّوْسُ | تمام عیبوں سے منزہ، بہت پاک |
| السَّلَامُ | بے عیب تمام نقائص سے محفوظ |
| المُؤْمِنُ | اپنے وعدے میں سچا، اپنے عذاب سے یا خوف سے امن دینے والا |
| المُهَيْمِنُ | بڑا محافظ ونگہبان |
| العَزِيْزُ | سب پر غالب اور قابو یافتہ |
| الجَبَّارُ | زبردست، بگڑی بنانے والا شکستگی کو درست کرنے والا |
| المُتَكَبِّرُ | بڑی عظمت وبزرگی والا |
| الخَالِقُ | ہر چیز کا پیدا کرنے والا |
| البَارِئُ | ہر چیز کا موجد (پہلی مرتبہ پیدا کرنے والا) اور حکمت کے موافق بنانے والا |

| | |
|---|---|
| المُصَوِّرُ | مخلوق کی طرح طرح کی صورتیں بنانے والا |
| الغَفَّارُ | بہت زیادہ بخشنے اور معاف کرنے والا |
| القَهَّارُ | زبردست غلبہ رکھنے والا، جس کے سامنے سب عاجز ومغلوب ہیں |
| الوَهَّابُ | بلاعوض بہت زیادہ دینے والا |
| الرَّزَّاقُ | روزی پیدا کرنے والا، تمام مخلوق کا روزی رساں |
| الفَتَّاحُ | مشکل کُشا، رزق ورحمت کے دروازے کھولنے والا |
| العَلِيْمُ | ظاہر وباطن کا علم رکھنے والا، خوب جاننے والا۔ |
| القَابِضُ | ہر چیز کو روک دینے والا، روزی تنگ کرنے والا۔ |
| البَاسِطُ | ہر چیز کو کھولنے والا، روزی فراخ کرنیوالا |
| الخَافِضُ | (نافرمانوں کو) پست کرنے والا |

| | |
|---|---|
| الرَّافِعُ | (فرمانبرداروں کو) بلند کرنے والا |
| المُعِزُّ | عزت بخشنے والا |
| المُذِلُّ | ذلت دینے والا |
| السَّمِیْعُ | ہمیشہ سننے والا |
| البَصِیْرُ | ہمیشہ دیکھنے والا |
| الحَکَمُ | حاکم، حکم اور فیصلہ کرنے والا، جس کے حکم اور فیصلے کو کوئی رد نہیں کرسکتا |
| العَدْلُ | نہایت منصف، صحیح فیصلہ کرنے والا |
| اللَّطِیْفُ | بے انتہا لطف ومہربانی کرنے والا نہایت باریک بیں کہ اس کے لیے دور ونزدیک یکساں ہیں |
| الخَبِیْرُ | بڑا باخبر، دل کی باتوں اور ہر چیز سے آگاہ |
| الحَلِیْمُ | نہایت بردبار |
| العَظِیْمُ | اپنی ذات وصفات میں فہم وشعور کی حد سے بھی زیادہ بزرگ وبرتر |
| الغَفُوْرُ | بہت مغفرت کرنے والا |
| الشَّکُوْرُ | بڑا قدرداں، تھوڑے عمل پر بہت زیادہ ثواب عطا کرنے والا |
| العَلِیُّ | بہت بلند مرتبہ |

| | |
|---|---|
| الکَبِیْرُ | بہت بڑا (جس سے بڑا متصور نہیں) اس کی بڑائی میں کوئی اس کا ہمسر نہیں |
| الحَفِیْظُ | بڑا محافظ ونگہبان، عالم کو آفات ونقصانات سے محفوظ رکھنے والا |
| المُقِیْتُ | مخلوقات کو روزی دینے والا، سب کی غذا پیدا کرنے والا، قدرت رکھنے والا |
| الحَسِیْبُ | بہت کافی، ہر حال میں کفایت کرنے والا، بڑا حساب لینے والا |
| الجَلِیْلُ | بڑا بزرگ، عظیم المرتبت |
| الکَرِیْمُ | بڑا سخی، شریف، بلاسفارش دینے والا جس کا دینا کبھی بند نہ ہو |
| الرَّقِیْبُ | بڑا نگہبان |
| المُجِیْبُ | دعا قبول کرنے والا اور پکارنے والوں کا جواب دینے والا |
| الوَاسِعُ | بڑی وسعت والا، وسیع علم والا وسیع فضل واحسان والا |
| الحَکِیْمُ | بڑی حکمت والا، (بندوں کے مصالح اور مفاسد کو خوب جاننے والا) دانا اور درست وپختہ کار |
| الوَدُوْدُ | فرمانبرداروں سے بے حد محبت کرنیوالا |

| | | | |
|---|---|---|---|
| المَجِیْدُ | بڑی شان اور بزرگی والا | القَیُّوْمُ | کارخانہ عالم کو سنبھالنے والا اور خبر گیری کرنے والا، اپنے بل پر قائم رہنے والا |
| البَاعِثُ | مردوں کو قبروں سے اٹھانے والا اور زندہ کرنے والا | الوَاجِدُ | بڑا غنی جو کبھی کسی کا محتاج نہ ہو |
| الشَّھِیْدُ | ہر وقت ہر جگہ حاضر و موجود اور ظاہر و باطن پر مطلع | المَاجِدُ | بڑا بزرگ، بڑی عظمت والا |
| | | الوَاحِدُ | ذات و صفات میں یکتا و یگانہ |
| | | الأَحَدُ | ذات و صفات میں تنہا اور لاثانی |
| الحَقُّ | ثابت، برحق، خدائی کے لائق | الصَّمَدُ | بڑا غنی اور بے نیاز جو کسی کا محتاج نہیں اور سب اس کے محتاج ہیں۔ |
| الوَکِیْلُ | بڑا کارساز، دوسرے کا کام انجام دینے والا | | |
| القَوِیُّ | بڑی قدرت والا | القَادِرُ | بڑی قدرت والا، قابو یافتہ |
| المَتِیْنُ | تمام امور میں استوار، بڑا طاقتور | المُقْتَدِرُ | قدرت ظاہر کرنے والا، سب پر کامل قدرت رکھنے والا |
| الوَلِیُّ | مومنوں کو دوست رکھنے والا، مددگار | | |
| الحَمِیْدُ | مستحق حمد، قابل تعریف، اپنی ذات وصفات کی تعریف کرنے والا | المُقَدِّمُ | آگے کرنے والا اپنے دوستوں کو بارگاہ عزت کی طرف بڑھانے والا |
| المُحْصِی | شمار کرنے والا، علم کے ذریعہ ہر چیز کا احاطہ کرنے والا | المُؤَخِّرُ | پیچھے کرنے والا، دشمنوں کو اپنے لطف سے پیچھے ہٹانے والا |
| المُبْدِئُ | پہلی بار پیدا کرنے والا | الأَوَّلُ | سب سے پہلا، جس پر کبھی عدم طاری نہیں ہوا |
| المُعِیْدُ | دوبارہ پیدا کرنے والا | | |
| المُحْیِی | ہر طرح کی زندگی عطا کرنے والا | الآخِرُ | سب سے پچھلا، تمام مخلوقات کے فنا ہوجانے کے بعد باقی رہنے والا |
| المُمِیْتُ | ہر قسم کی موت دینے والا | | |
| الحَیُّ | ازل سے ابد تک ہمیشہ زندہ رہنے والا | الظَّاھِرُ | سب سے ظاہر بلحاظ مخلوقات و مصنوعات و صفات |

| | |
|---|---|
| الْبَاطِنُ | سب سے پوشیدہ بلحاظِ ذات وکُنہ |
| الْوَالِي | بڑا کارساز و مالک، تمام امور کا متولی |
| الْمُتَعَالِي | بہت بلند مرتبہ، مخلوقات کی صفات سے منزہ |
| الْبَرُّ | بڑا نیکوکار، اپنے لطف سے بندوں کے ساتھ احسان کرنے والا |
| التَّوَّابُ | گنہگاروں کی توبہ قبول کرنے والا |
| الْمُنْتَقِمُ | نافرمانوں سے بدلہ لینے والا |
| الْعَفُوُّ | گناہوں سے درگزر کرنے والا بڑا معاف کرنے والا |
| الرَّؤُوْفُ | بڑا مہربان، بے حد شفقت کرنے والا انتہائی شفیق |
| مَالِكُ الْمُلْكِ | سارے جہاں کا مالک |
| ذُو الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ | عزت وعظمت والا |
| الْمُقْسِطُ | انصاف کرنے والا، عادل |

| | |
|---|---|
| الْجَامِعُ | قیامت کے دن سب کو جمع کرنے والا |
| الْغَنِيُّ | ہر چیز سے بے پرواہ |
| الْمُغْنِي | غنی بنانے والا بے نیاز کرنے والا |
| الْمَانِعُ | روکنے والا |
| الضَّارُّ | ضرر پہنچانے والا، ضرر کا خالق و مالک |
| النَّافِعُ | نفع پہنچانے والا، نفع کا خالق و مالک |
| النُّوْرُ | روشن کرنے والا |
| الْهَادِي | ہدایت دینے والا |
| الْبَدِيْعُ | بڑا موجد، عالم کو بغیر مثال کے پیدا کرنے والا |
| الْبَاقِي | ہمیشہ باقی رہنے والا |
| الْوَارِثُ | موجودات کے فنا ہونے کے بعد باقی رہنے والا، تمام مخلوقات کا مالک |
| الرَّشِيْدُ | عالم کا راہنما (سیدھا راستہ دکھانے والا) وہ ذات جس کا ہر فعل اور ہر فیصلہ درست ہو۔ |
| الصَّبُوْرُ | بڑا صبر وتحمل کرنے والا (باوجود قدرت کے گنہگاروں کو سزا دینے میں جلدی نہ کرنے والا) |